تصنیفِ لطیف

شیخ الفضیلت حضرت علامہ شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

حضور مفسّرِ اعظم پاکستان، فیضِ ملّت، شمس المصنّفین، اُستاذ العرب والعجم
حضرت علامہ مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی نوراللہ مرقدہٗ

سعادتِ نشر

بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان (کراچی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نزهة النظر فی شرح حزب النصر

تصنیفِ لطیف

شیخ الفضیلت حضرت علامہ شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضور مفسرِ اعظم پاکستان، فیضِ ملت، شمس المصنفین، اُستاذ العرب والعجم

حضرت علامہ مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی نور اللہ مرقدہٗ

سعادتِ نشر

بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان (کراچی)

www.faizahmedowaisi.com

admin@faizahmedowaisi.com

رابطہ: 0300-2927901 ,0334-3184596 ,0323-3306478

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نامِ کتاب : نزھۃ النظر فی شرح حزب النصر

تصنیف : شیخ الفضیلت حضرت علامہ شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ : حضرت علامہ مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی نور اللہ مرقدہٗ

اشاعت : جون ۲۰۱۳ء/ شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ

ضخامت : ۲۴ صفحات

کمپوزنگ : محمد نعمان احمد اُویسی

ناشر : بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان (کراچی)

﴿تعاون در اشاعت﴾

اس رسالہ کی اشاعت میں مالی طور پر بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان کے وہ ساتھی جو اس وقت وسطی ایشیاء (Middle Eas) میں اپنے کام کے ساتھ ساتھ حضور فیضِ ملت علیہ الرحمۃ کی کُتب پر کام کر رہے ہیں کا بھرپور تعاون شامل رہا۔

اللہ کریم ان ساتھیوں کے علم و عمل، عمر و اقبال اور جذبہ میں مزید برکتیں فرمائے۔ (آمین)

اللہ کریم ہمارے مُرشدِ کریم کے تمام شہزادوں اور سب اہلِ خانہ کو ہمیشہ اپنی رحمت کے سایہ میں رکھے اور ہمیں مُرشدِ کریم کے علمی خزانے کو عوام و خواص میں عام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین) احقر نعمان احمد اُویسی (ناظمِ اعلیٰ: بزمِ فیضانِ اُویسیہ)

﴿برائے ایصالِ ثواب﴾

سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تمام اُمت کو اس کے ثواب کا تحفہ

حرفِ آغاز

زیرِ نظر رسالہ "نزہۃ النظر فی شرح حزب النصر" شیخ الفضیلت حضرت علامہ شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ (وصال ۶۵۶ھ) کے مرتب کردہ مجرب اورادو وظائف کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے جو ضخامت کے اعتبار سے بالکل مختصر ہے مگر جامعیت اور تاثیر کے اعتبار سے ایک طاقتور پہاڑ سے کہیں زیادہ موثر ہے جو حاسدین اور دشمنوں سے حفاظت اور منزلِ مقصود کے حصول کے لئے اور ہر جائز کام میں کامیابی کے لئے پڑھا اور پڑھایا جاتا ہے۔

اس کی جمع اور ترتیب کا کام شیخ القرآن والحدیث فیضِ ملت حضور مفتی ابوالصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی رحمۃ اللہ علیہ (وصال ۱۵ رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ/ ۲۰۱۰ء) نے ۳۰ جمادی الاول ۱۴۰۸ھ یعنی آج سے چوبیس (۲۴) سال قبل کیا تھا مگر افسوس کہ آپ کی حیاتِ ظاہری میں یہ خزانہ زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظرِ عام پر نہ آسکا۔

اور اب حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی نقشبندی مدظلہ العالی (رئیس دار الحدیث والافتاء جامعۃ النور، نور مسجد، میٹھادر، کراچی) کے حسب ارشاد جامعۃ النور کے شعبہ درسِ نظامی کے سینئر مدرس حضرت علامہ حافظ اللہ رحم عبد المصطفیٰ رضوی صاحب مدظلہ العالی (خطیب و امام شہید مسجد، کھارادر، کراچی) نے اعراب اور لفظوں کی تصحیح کا فریضہ انجام دیا اور جمعیت اشاعتِ اہلسنت پاکستان نے اس رسالہ کی کمپوزنگ کرائی مگر بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان (کراچی) نے اس رسالہ کی کمپوزنگ دوبارہ نئے انداز میں کی اور اب اسے چھاپ کر آپ کے سامنے پیش کر رہی ہے۔ احقر نے تزئین و آرائش کر کے یہ رسالہ صوفی محمد مقصود حسین قادری نوشاہی اُویسی صاحب کی خدمت میں پیش کیا جو کہ حضرت علامہ اُویسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلیفہ بھی ہیں اور علماء و مشائخ عظام اور مذہبی اداروں سے رابطہ میں بھی رہتے ہیں اور اس طرح علم کے موتی عوام و خواص تک پہنچانے میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں، خدائے ذوالجلال ان کی کاوشوں کو قبول

فرمائے (آمین)۔ صوفی مقصود اُویسی صاحب کے مشورے پر اس رسالہ کی اشاعت کے سلسلہ میں بزمِ فیضانِ اُویسیہ کے ناظمِ اعلیٰ نعمان احمد اُویسی سے رابطہ کیا اور انہوں نے فوری طور پر اس کی اشاعت کی ذمہ داری قبول کر لی۔ اشاعت میں غیر معمولی تاخیر ہوئی مگر الحمدللہ یہ رسالہ پہلی بار اُردو ترجمہ کے ساتھ زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ کریم اپنے حبیب علیہ السلام کے صدقہ و طفیل بزم کے اراکین کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ (آمین)

اس رسالہ کا مسودہ مجھے صاحبزادہ حضرت مولانا محمد فیاض احمد اُویسی رضوی مدظلہ العالی (جانشینِ حضور فیضِ ملت و مدیرِ ماہنامہ فیضِ عالم، بہاولپور) نے عنایت فرمایا تھا اور ان کی کوشش شب و روز یہی ہوتی ہے کہ ان کے عظیم والدِ گرامی حضور فیضِ ملت مفتی محمد فیض احمد اُویسی رضوی علیہ الرحمۃ کی تمام علمی وادبی خدمات زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر دنیا جہاں میں پھیل جائیں اور ان کے محرک کو ثوابِ جاریہ کی صورت میں قیامت تک اجر و ثواب ملتا رہے۔

اللہ تعالیٰ اس رسالہ میں جس نے جس جس طرح تعاون فرما کر حصہ ملایا اُن کو دارین کی سعادتیں عطا فرما کر دونوں جہاں میں اُن کا اقبال بلند فرمائے۔ اور اِن اوراد و وظائف کے پڑھنے والوں کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

۱۵، ذوالحجہ ۱۴۳۲ھ / ۱۲، نومبر ۲۰۱۱ء

دعاجو

محمد عبدالکریم قادری اُویسی فیضی عفی عنہ

خادم سبزواری پبلشرز، کراچی

(خطیب و امام بسم اللہ مسجد، سات مینار والی، نزد ضیاء موڑ عابد آباد، سائٹ، کراچی)

0300-2677421

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

امابعد! مشائخ و اولیاء عظام کے اوراد و وظائف میں حزب البحر شریف بہت مشہور ہے لیکن حزب النصر کو بہت کم حضرات جانتے ہیں، حالانکہ دونوں ایک ہی بزرگ کی یادگار ہیں اور تاثیر میں ایک دوسرے سے کم نہیں، تعارفِ مصنف رحمۃ اللہ علیہ اور حزب النصر کا ترجمہ مع مختصر تشریح کو ملا کر اس تصنیف کا نام رکھا ہے:

نزهة النظر فی شرح حزب النصر

لابی الحسن الشاذلی قدس سرہٗ

وما توفیقی الا باللّٰہ العلی العظیم والصلوۃ والسلام علی حبیبہ الکریم

فقیر اُویسی غفرلہٗ

بہاولپور، ۱۴۰۸ھ

☆......☆......☆

﴿مقدمہ﴾

اس وقت سلاسلِ اربعہ (قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ) مشہور ہیں لیکن ان کے علاوہ اور سلاسل بھی ہیں ان میں ایک سلسلہ اُویسیہ ہے جس کا انتساب حضرت سیدنا اُویس قرنی رضی اللہ عنہ سے ہے، ایسے ہی سلسلہ شاذلیہ جس کا اجراء سیدنا حسن بن سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے ہوا، اور اس کی اشاعت سیدنا ابوالحسن علی شاذلی علیہ الرحمۃ کی وجہ سے ہوئی، آپ کا سلسلہ طریقت یوں ہے:

۱۔ قطب الوقت حضرت شیخ ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ
۲۔ حضرت شیخ عبدالسلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ
۳۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن مدنی رحمۃ اللہ علیہ
۴۔ حضرت شیخ تقی الدین فقیہ رحمۃ اللہ علیہ
۵۔ حضرت شیخ فخرالدین رحمۃ اللہ علیہ
۶۔ حضرت شیخ نورالدین رحمۃ اللہ علیہ
۷۔ حضرت شیخ تاج الدین محمد رحمۃ اللہ علیہ
۸۔ حضرت شیخ شمس الدین رحمۃ اللہ علیہ
۹۔ حضرت شیخ زین الدین محمد رحمۃ اللہ علیہ
۱۰۔ حضرت شیخ ابراہیم بصری رحمۃ اللہ علیہ
۱۱۔ حضرت ابوالقاسم مروانی رحمۃ اللہ علیہ
۱۲۔ حضرت فتح المسعود رحمۃ اللہ علیہ
۱۳۔ حضرت سیدنا سعید رحمۃ اللہ علیہ
۱۴۔ صحابی رسول اللہ حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ
۱۵۔ جنتی نوجوانوں کے سردار حضرت امام عالی مقام سیدنا حسن مجتبیٰ بن حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما

۱۶۔ حضرت سید اہلبیت النبی امیر المومنین اسد اللہ غالب علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ

۱۷۔ حضرت سید الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم

﴿حالات زندگی﴾

خاندان: آپ حسنی سید ہیں یعنی آپ کا سلسلۂ نسب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے، والد کا نام سید عبداللہ ہے، آپ کا نام 'علی' کنیت 'ابوالحسن' ہے، آپ کی شہرت ابوالحسن شاذلی کے نام سے ہوئی۔

ولادت: آپ کی ولادت ۵۵۱ھ بمقام شاذلہ ہوئی (شاذلہ نواح مصر میں ایک بستی کا نام ہے)۔

خصوصیات: آپ مادرزاد نابینا تھے مگر پیدائشی نقص آپ کی تربیت، تعلیم اور شخصی کرامات میں بھی رکاوٹ نہیں ہوا، اور رفتہ رفتہ آپ متبحر عالم، فصیح وخوش گفتار واعظ، نکتہ سنج شاعر، باطنی علوم کے ماہر، میدانِ تصوف کے شہسوار اور آخر میں امام الطریقہ مشہور ہوئے۔

تعلیم: آپ کی ابتدائی تعلیم کے بارے میں اب تک کچھ معلوم نہ ہو سکا کہ آپ نے ابتدائی تعلیم کس کس سے اور کہاں کہاں سے حاصل کی اور آپ کے اساتذہ کون کون رہے۔

سلوک: حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ اگرچہ مادرزاد ولی تھے مگر بظاہر آپ نے راہِ سلوک کی ابتدائی تعلیم حضرت عبدالسلام بن مشیش قدس اللہ سرہٗ سے حاصل کی اور آپ ہی کے زیرِ تربیت رہ کر شیخ سے باطنی تعلیم حاصل کی اور جملہ منازلِ سلوک اور منازلِ حجاب طے کئے (حضرت عبدالسلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ کو بیعت واجازت حضرت عبدالرحمن بن زیت رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل تھی اور ان کا سلسلۂ بیعت وارشاد حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے جو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے مستفیض تھے اور حضرت ابو محمد جعفی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی جو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے مستفیض تھے)۔

ارشاد: تعلیمِ سلوک کے بارے میں حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے (ایک شخص کے دریافت کرنے پر کہ راہِ سلوک میں آپ کے رشد ورہنما کون کون ہیں۔) ارشاد فرمایا کہ میرے راہ

سلوک کے رہنما اوّل حضرت عبدالسلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ ہیں لیکن اب حضرت سرورِ عالم ﷺ کے زیرِ تربیت ہوں اور بلا کسی واسطہ کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اکتسابِ فیض حاصل کر رہا ہوں، چنانچہ اس وقت میں دس (۱۰) سمندروں سے سیراب ہو رہا ہوں جن میں پانچ (۵) ارضی (زمینی) ہیں اور پانچ (۵) سماوی (آسمانی)، یعنی سید عالم ﷺ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت جبرئیل علیہ السلام، حضرت میکائیل علیہ السلام، حضرت عزرائیل علیہ السلام، حضرت اسرافیل علیہ السلام، اور حضرت روح اکبر سے۔ (الطبقات الکبریٰ، امام شعرانی)

راہِ سلوک اور شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ: سالک راہِ طریقت جب عرفان کی منزلیں طے کرنے لگتا ہے تو ایک خاص مقام پر پہنچ کر اُس کو توحید کے مختلف جلوے نظر آتے ہیں کبھی تو اُس پر صحوہ کا غلبہ ہوتا ہے اور کبھی سُکر کا، کبھی اُس کے سامنے وحدت الوجود کے مناظر آتے ہیں، ان مناظر کے اظہار کرنے پر بڑی بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

چنانچہ حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ جب اس منزل پر پہنچے تو اپنے مشاہداتِ راز کو ظاہر کرنے لگے جن کے مبہم الفاظ کا صحیح مطلب نہ سمجھ کر لوگ اُن کی مخالفت پر آمادہ ہو گئے اور مخالفین نے ان کو زہر گداز اذیتیں دینا شروع کر دیں اور بالآخر ان کو شاذلہ سے نکال دیا۔ شیخ مجبوراً شاذلہ سے نکل کر اسکندریہ آگئے اور اسکندریہ میں اقامت گزین ہو گئے، مخالفین کو شیخ کا اسکندریہ میں بھی سکون سے رہنا گوارا نہ ہوا اور سب نے مشورہ کر کے حاکمِ اسکندریہ کو ایک عریضہ بھیجا جس کا مضمون یہ تھا کہ

> ''ہم سبھوں نے ابوالحسن کو شاذلہ سے نکال دیا ہے اب وہ اسکندریہ میں پہنچ گیا ہے یہ شخص بے دین اور زندیق ہے، اس کا کام الحاد اور گمراہی پھیلانا ہے اور مسلمانوں کو اپنے دامنِ تزویر میں پھنسا کر دین سے ہٹا دینا ہے ایسا نہ ہو کہ یہ شخص آپ کے شہر میں بھی بے دینی پھیلائے اور مسلمانوں کو صراطِ مستقیم سے ہٹا دے۔''

حاکمِ اسکندریہ اس عریضہ کو پڑھ کر بہت متاثر ہوا اور شیخ کا سخت مخالف ہوگیا، اس نے شیخ کی مخالفت میں والیٔ مصر کو شیخ کے خلاف بھڑکا کر والیٔ مصر سے شیخ کے قتل کردینے کا فرمان حاصل کرلیا، قتل کرنے کا فرمان حاصل کرنے کے بعد اس نے شیخ کے قتل کیے جانے کی تاریخ اور وقت سے لوگوں کو مطلع کردیا، چنانچہ وقتِ مقررہ پر پوری خلقت میدان میں جمع ہوگئی، وقتِ مقررہ پر حاکمِ اسکندریہ نے جلاد کو طلب کرکے حکم دیا کہ شیخ کی گردن ماردے، جلاد جب آپ کی گردن مارنے کے واسطے آپ کے سامنے آیا تو آپ نے اُس کی آہٹ پاکر اپنا ہاتھ اُٹھایا جس میں ایک کاغذ تھا اس کاغذ کو شیخ کے ہاتھ سے لے کر پڑھا گیا تو معلوم ہوا کہ اس میں والیٔ مصر کا فرمان ہے جس پر شاہی مہر و دستخط موجود ہیں اس میں لکھا تھا کہ ابوالحسن پر کسی طرح کی دست درازی نہ کی جائے۔

یہ تازہ فرمان دیکھ کر حاکمِ اسکندریہ بھی دنگ رہ گیا اور جلاد کو واپس بلالیا نیز موجود تمام لوگوں پر حیرت چھاگئی، اہلِ بینش خاموش ہوگئے اور عوام مخالف کہنے لگے کہ ھٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْن عرصہ میں مصر کا سفیر آیا اور حضرت شیخ قدس سرہٗ کی خدمت میں معذرت نامہ پیش کرکے شیخ کے ساتھ اس عرصہ میں جو سختی کی جاچکی تھی اُس کے بارے میں عفو کا خواستگار ہوا، حضرت شیخ نے اُس کی عذرخواہی پر سب کو معاف کیا اور سب کی فلاح کے لیے دعا کی، حضرت کی یہ کرامت دیکھ کر عوام کی رائے بھی آپ کے موافق ہوگئی۔

علمائے ظواہر: علمائے ظواہر کو ایسے اولیاء کرام سے بعض اُمور میں اختلاف فطری امر ہے لیکن جب علمائے ظواہر اُن کی باطنی حقیقت سے آگاہ ہوتے ہیں تو نہ صرف انہیں معذور سمجھتے ہیں بلکہ تہہ دل سے اُن کے معتقد ہوجاتے ہیں جیسے علامہ عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ ابتداءً صوفیہ کرام کے مخالف تھے یہاں تک کہ "تلبیسِ ابلیس" جیسی سخت کتاب لکھ دی لیکن جب نگاہِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے نوازے گئے تو پھر نہ صرف صوفیاء کرام سے عقیدت ہوگئی تھی بلکہ اُن کے فضائل و کمالات میں ایک ضخیم کتاب "صفوة الصفوة" تصنیف فرمادی۔

کچھ یہی کیفیت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی پیش آئی چنانچہ "الیواقیت والجواھر" میں امام عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ نے لکھا ہے کہ حضرت علامہ عزالدین محدث رحمۃ اللہ علیہ ابتدائی

دور میں صوفیاء کے خلاف تھے اور فریاد کرتے تھے کہ شریعت میں کوئی طریقہ اور بھی ہے جو ہمارے یہاں کے طریقہ سے جدا ہے، جو آدمی ایسا خیال کرے کہ شریعت کا ایک علم باطن بھی ہے جو ہمارے یہاں نہیں ہے وہ زندیق ہے اور اس کا تعلق فرقہ باطنیہ سے ہے لیکن جب علامہ کی ملاقات مصر میں حضرت شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی اور دونوں کچھ دن یکجا رہے تو علامہ قدس سرہٗ نے فرمایا:

اِنَّهَا طَرِيْقٌ جُمِعَتْ فِيْهِ اَخْلَاقُ الْمُرْسَلِيْنَ

یعنی یہ وہ طریقہ ہے کہ جو تمام رسولوں کے اخلاق کا جامع ہے۔

فائدہ: کسی بزرگ نے شیخ شاذلی قدس سرہٗ سے سلوک کی تعلیم واذکار کی بابت دریافت کیا حضرت نے ارشاد فرمایا کہ میرے طریقہ میں اذکار و اوراد کی حاجت نہیں صرف توجہ سے سلوک کے مراحل طے ہو جاتے ہیں اور صرف فضلِ الٰہی سے راہِ سلوک کی تمام منزلیں مکمل ہو جاتی ہیں، میں بلاواسطہ فیضیاب ہو رہا ہوں فی الحقیقت یہ فنائیتِ رسول کی وہ عالی منزل ہے جہاں سالک کے لئے تمام وسائط ختم ہو جاتے ہیں اور سالک بلاواسطہ فیضِ رسول (صلوٰۃ اللہ علیہ والسلام) حاصل کرتا ہے اور اُس کا سینہ انوارِ احمدیہ کا مخزن بن جاتا ہے اُس کے افعال واقوال سب پر اخلاق محمدی کا عکس پڑتا ہے اور وہ اطاعتِ رسول ﷺ کی سرتاپا تصویر اور اخلاقِ نبوی کا مجسمہ بن جاتا ہے، اُس کی حیات جاودانی ہوتی ہے اُس کی فنا بقاء کے مترادف ہوتی ہے۔

اُن کی حیات بھی بقاء اُن کی ممات بھی بقاء

اُس کا ہر عضو بلکہ ہر بُن مُو نورِ مصطفوی سے تاباں اور درخشاں ہوتا ہے اُس کو اخلاقِ محمدی اور عشق احمدی میں اس درجہ فنائیت اور محویت حاصل ہو جاتی ہے کہ سارے واسطے خود بخود کنارہ کش ہو جاتے ہیں اور سارے حجابات کے پردے جو وسائط اور ذرائع کی صورت میں ہوتے ہیں خود ہی ہٹ جاتے ہیں جس سے سالک بے پردہ انوارِ مصطفویہ کا مشاہدہ کرتا ہے۔

جہادِ نفس: حضرت شیخ نے جہادِ نفس کے سلسلے میں اسی (۸۰) دن کا صوم وصال (مسلسل روزے) رکھا جب اسی روزے پورے ہو گئے تو دل میں خیال گزرا کہ اب کسرِ نفسی کی منزل ختم ہو گئی اور نفس امارہ پر موت واقع ہو گئی، اس خیال کا دل میں آنا تھا کہ آپ نے دیکھا کہ ایک پاک

باز حسین و جمیل عورت قریب کے غار سے نکلی اور مجھے مخاطب کر کے فرمایا: ''اے بدنصیب! صرف اسّی (۸۰) دن کے روزے پر ناز کر رہا ہے اور دل میں یقین کرلیا کہ نفسِ امارہ مُردہ ہوگیا ہے مجھے چھ مہینے ہوگئے کہ میرے پاس کھانے کی خوشبو نہیں آئی''۔ (نفحات الانس)

حکایت: جہادِ نفس کے سلسلے میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا ایک واقعہ سنایا کہ میں جنگل میں تھا کہ ایک رات یہ واقعہ پیش آیا کہ جنگل میں تمام چرند و پرند اور درندے میرے پاس آگئے اور رات بھر میرے گرد اطمینان و سکون سے بیٹھے رہے جب میں نے اُن وحشی جانوروں کا یہ اُنس دیکھا تو دل میں خطرہ گزرا کہ مجھے ربّ تعالیٰ نے ''مقامِ اُنس'' سے نوازہ ہے کہ کوئی جانور اور پرندہ مجھ سے وحشت نہیں رکھتا اور نہ مجھے دیکھ کر بھاگتا ہے اس خطرے کے بعد میرا گزر ایک ایسی جگہ سے ہوا جہاں جھنڈ کے جھنڈ پرندے اکھٹے تھے، مگر میری آہٹ پاتے ہی سب کے سب اُڑ گئے ایک بھی وہاں نہ رہا، یہ منظر دیکھ کر سخت حیرت ہوئی اور فوراً بارگاہِ خداوندی میں عرض کی، اس پر جواب ملا کہ ''اے ابوالحسن! کل تو میرے قرب میں تھا آج وسوسۂ نفسانی کے قرب میں ہے''۔

وعظ کی کیفیت: کتبِ سیر میں مذکور ہے کہ حضرت شیخ قدس اللہ سرہٗ کے وعظ و بیان میں اسرار و نکات اور علمی، کشفی جواہرات ہوتے کہ جس کے استفادہ کے لئے کثرت سے علماء وفضلاء آپ کی مجلسِ وعظ میں شریک ہوتے اور عابدوں و زاہدوں کا مجمع ہمہ دم آستانۂ پاک پر حاضر رہتا۔

یک زمانہ صحبتے با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے ولی کامل کی صحبت میں ایک گھڑی بیٹھنا، سو سال کی ریاکاری سے پاک عبادت سے بہتر ہے۔

طریقۂ تربیت: کسی بزرگ نے حضرت شیخ شاذلی قدس سرہٗ سے پوچھا کہ آپ اپنے متوسلین کو نہ اذکار و اورادِ ظاہری کی تعلیم دیتے ہیں اور نہ باطن کی، فرمایا کہ میرے طریقہ میں اذکارِ ظاہری و باطنی کی حاجت نہیں صرف توجہ اور نسبت کے فیض سے سلوک کے سارے مراحل طے ہوجاتے ہیں اور محض فضلِ الٰہی سے راہِ سلوک کی منازل کی تکمیل ہوتی ہے کیونکہ میرے مربّی اور

قائد سیدِ عالم ﷺ ہیں اور میں سیدِ عالم ﷺ سے بلاواسطہ فیضیاب ہو رہا ہوں۔

فائدہ: مرشدین ومشائخ کا دستور تربیتِ سلوک میں یہ رہا ہے کہ راہِ سلوک کے متلاشی کو نہ کسی اور شیخ کی صحبت میں بیٹھنے اور استفادہ کرنے سے روکتے اور نہ کسی شیخ کے تلقین کردہ اوراد و اشغال کرنے سے منع کرتے، اس لئے کے روندۂ سلوک اپنی منزل تک پہنچنے میں حیرانی اور اُلجھن نہ محسوس کرے اور نہ اس پر فیضان کا دروازہ بند ہو بسہولت راہِ سلوک طے کرلے اور جلد تخلیہ کے نسخہ اثر کریں تاکہ سالک کے قلب سے صفاتِ رذیلہ کی سیاہی دور ہو اور صفاتِ حمیدہ کی صیقل (روشنی) سے قلب متجلّی ہو، حضرت شیخ قدس سرہٗ کا طریقۂ تربیت ان کے ہمعصر مشائخ کے طریقہ تربیت سے جداگانہ تھا، حضرت شیخ نے کبھی کسی طالبِ راہ کو کسی شیخ کے پاس جانے سے نہیں روکا بلکہ بوقتِ اجازت طلبی بڑی خندہ پیشانی سے یہ فقرہ زبان پر آتا:

اِنْ وَجَدْتَ مَنْهَلاً اَعْذَبَ مِنْ مَنْهَلِنَا فَعَلَیْکَ

ترجمہ: اگر کوئی چشمہ تم کو میرے چشمہ سے شیریں ملے تو اُس سے سیراب ہو جاؤ۔

شیخ شاذلی علماء کی نظر میں: حضرت شیخ تقی الدین بن دقیق العید محدث رحمۃ اللہ علیہ نے شیخ شاذلی قدس سرہٗ کے بارے میں فرمایا:

مَارَأَیْتُ أَعْرَفَ مِنَ الشَّیْخِ اَبِی الْحَسَنِ الشَّاذِلِیْ

ترجمہ: حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی سے بڑھ کر میں نے کسی کو عارف باللہ نہیں پایا۔

اسی طرح شیخ ابوالحسن مرسی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جس کا ترجمہ یہ ہے:

ہم شیوخ زمانہ کی خدمت میں حاضر رہے ہیں لیکن اُن کی صحبت کا آبِ زُلال میری پیاس کو نہ بجھا سکا لیکن جب ہم شیخ ابوالحسن شاذلی کی صحبت میں بیٹھے اور اُنکے فیضانِ صحبت سے پانی پیا تو میری پیاس بجھی اور سیرابی نصیب ہوئی۔ (طبقات امام شعرانی)

سلسلۂ شاذلیہ کے اکابرین: حضرت شیخ علیہ الرحمہ کے سلسلہ میں علماء، فقہا اور محدثین کی کافی تعداد ملتی ہے، ہندوستان کے مایہ ناز محدث وفقیہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی

رحمۃ اللہ علیہ (مدفون حوض شمسی دہلی) اور آپ کے اُستاد حضرت شیخ علی متقی محدث مدنی قدس سرہٗ اسی سلسلہ سے وابستہ رہے نیز حضرت عزالدین محدث اور حضرت شیخ محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہٗ (مؤلف دلائل الخیرات)، امام عبدالوہاب شعرانی بھی اسی سلسلے کے اکابرین سے ہیں، آج بھی اس سلسلے کے فیوض وبرکات جاری ہیں حضرت شیخ شاذلی کا سلسلہ ''خانوادہ شاذلیہ'' سے مشہور ہے۔

شیخ شاذلی کے ہم عصر اولیائے ہند و پاک: جس عہد میں اسکندریہ اور اُس کے اطراف شیخ کے فیوض وبرکات سے مستفیض ہورہے تھے اُن ہی ایام میں ہندوستان بھی اپنے طول وعرض میں اولیاء کرام کے فیوض کی نہریں بہارہا تھا بزرگانِ چشت میں نائب رسول فی الہند حضرت خواجہ معین الدین حسن اجمیری، حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، شیخ الاسلام بابا فرید گنج شکر، حضرت شیخ نجیب الدین متوکل، مولانا فخر الدین اجمیری، حضرت جلال تبریزی، حضرت شاہ جمال الدین قطب ہانسوی رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بحیاتِ ظاہری رونق افروز تھے۔

سہروردیہ: سہروردیہ بزرگوں میں حضرت خواجہ بہاء الدین زکریا ملتانی، حضرت سید نور الدین مبارک غزنوی، شیخ احمد نہروالی، قاضی حمید الدین ناگوری، سید مٹھ لاہوری، شیخ ابونجیب، سلطان العارفین خواجہ محمد حسن بدایونی (قدمت اسرارہم) تشریف فرما تھے جن کی خانقاہیں رُشد و ہدایت کی مراکز تھیں، ان حضرات کے علاوہ اور بھی اولیاء اللہ موجود تھے جن کے سلسلہ طریقت کا صحیح علم نہیں ہوسکا لیکن یہ سب کے سب ہدایت کے علَم بردار تھے مثلاً میر سید حسن خنگ سوار مشہدی اجمیری، شیخ عزیز الدین مکی لاہوری، سید تفتہ تبریزی لاہوری رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا فیضِ عام: حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ کسی دوسرے اولیاء ومشائخ کے فیضِ عام کا ثبوت اس دور میں ہند و پاکستان کی سرزمین پر نہیں ملتا اور نہ ان خانقاہوں کے وجود کا پتہ چلتا ہے، ہاں حضرت غوث الاعظم جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فیض شیخ الاسلام بابا فرید گنج شکر اور حضور اجمیری سرکار رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے سینے میں ضرور تھا۔

بابا فرید: چونکہ حضرت بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ بغداد شریف میں رہے اور دورانِ قیام میں خاص خدمت انجام دی جس کی تصریح ''خلاصۃ القادریہ'' میں مذکور ہے کہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا روضہ تعمیر ہو رہا تھا اور حضرت تاج الاولیاء شیخ عبدالرزاق گیلانی (خلفِ اکبر) کا اہتمام تھا آپ یعنی حضرت بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ روزانہ ایک مزدور کی حیثیت سے اس کا کام کیا کرتے جب مزدوری لینے کا وقت آتا تو غائب ہو جاتے جس سے حضرت تاج الاولیاء متعجب تھے کہ ایک رات آپ نے حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا، فرما رہے ہیں کہ جو شخص مزدوری لیتے وقت غائب ہو جاتا ہے مزدور نہیں بلکہ شیخ فرید مسعود ہے اُن کی عزت کرو اور مہمان بناؤ۔

انتباہ: بعض بے خبر چشتی حضرات سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ سے سیدنا اجمیری و بابا گنجِ شکر و خواجہ نظام الدین رحمہم اللہ کی عقیدت کا انکار کرتے ہیں انہیں ایسی غلطی سے توبہ کرنی چاہئے۔

ملفوظات: حضرت شیخ شاذلی قدس سرہ نے فرمایا:

۱۔ اگر کشف و الہام موافق کتاب و سنت کے ہوں تو صحیح جانو، اگر مخالف ہوں تو ہرگز اعتبار نہ کرو، اس لئے کہ گناہ سے حفاظت کا ضامن جو رب تعالیٰ ہوا ہے وہ کتاب و سنت کے موافق عمل کرنے پر نہ کہ کشف و الہام کو دستور العمل بنانے پر۔

۲۔ وہ علم حاصل کرو جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر اُتارا ہے اور جس کی پیروی صحابہ، تابعین، آئمہ ہدایت نے کی ہے، وہ علم مت سیکھو جس سے وسوسۂ نفسانی اور خیالاتِ ظلماتی بڑھیں۔

۳۔ جب تیرے پاس نہ علم ہے اور نہ عمل تو تُو عبداللہ (اللہ کا بندہ) ہو کر کیا کرے گا؟

۴۔ علم نام ہے علمِ توحید کا اور علم نام ہے محبتِ رسول ﷺ، محبتِ صحابہ اور عقائدِ اہلسنت کا حق سمجھنے کا۔

۵۔ اللہ (جل جلالہ) اور نبی (ﷺ) کی محبت، صالحین سے اُلفت اور آخرت کی یاد اسلام کی روح ہے۔

۶۔ سب سے بڑا گناہ یہ بھی ہے کہ تیری زبان ذکرِ خدا سے غافل اور لغویات سے بھری ہو اور تیرے ہاتھ پاؤں میں خواہش نفسانی کا میلان ہو۔

۷۔ تو چاہتا ہے کہ تیرا قلب گناہ کے زنگ سے آلودہ نہ ہو اور نہ کوئی غم و پریشانی گھیرے تو ان کلمات کا ورد بکثرت کر: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ عِلْمَهَا فِیْ قَلْبِیْ وَ اغْفِرْ ذَنْبِیْ

ترجمہ: پاکیزگی ہے اللہ تعالیٰ کو اس کی حمد کے ساتھ عظمت والے اللہ کے لئے پاکی ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اے اللہ (عزوجل)! تو ثابت رکھ اس کے علم کو میرے قلب میں اور تو بخش میرے گناہ کو۔

۸۔ اگر خواہش ہو کہ زبان راست گفتار (سچ کہنے والی) بن جائے تو اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ (سورۂ قدر) کو کثرت سے پڑھو۔

۹۔ اگر آرزو ہو کہ صاحب اخلاص ہو جائے تو قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (سورۂ اخلاص) کا ورد کرو، اگر تمنا ہے کہ رزق وسیع ہو تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (سورۂ فلق) پڑھو، اگر شر سے بچنا چاہو تو قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (سورۂ ناس) پڑھتے رہو اس کے پڑھنے کی تعداد ستر (۷۰) بار سے سات سو (۷۰۰) تک ہے۔

۱۰۔ مصیبت اور بلا سے بچنے کا قلعہ استغفار ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (پارہ ۹، سورۃ الانفال، آیت ۳۳)

ترجمہ: اور اللہ انہیں عذاب کرنے والا نہیں، جب تک وہ بخشش مانگ رہے ہیں۔

۱۱۔ استغفار کا ورد برابر کرو خواہ گناہ سرزد ہو یا نہ ہو، دیکھو سرور دو عالم ﷺ برابر استغفار کیا کرتے تھے حالانکہ آپ معصوم تھے اور آپ ہی کی شان میں لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ (پارہ ۲۶، سورۃ الفتح، آیت ۲) ﴿**ترجمہ:** تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں اور تمہارے پچھلوں کے۔﴾ کی آیت نازل ہوئی۔

۱۲۔ جس عبادت کا جو وقت اللہ تعالیٰ نے مقرر کیا ہے اُسی وقت اُس کو ادا کرو کیونکہ وہی وقت اللہ تعالیٰ نے تیری عبودیت اور اپنی معبودیت کے اظہار کے لئے مقرر کیا ہے۔

۱۳۔ کوئی چیز بھلی ہو یا کسی کو اچھے حال میں دیکھو یا اپنا ظاہری و باطنی حال بہتر دیکھو تو مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ **ترجمہ:** جو اللہ تعالیٰ چاہے اور نہیں ہے نیکی کی قوت مگر اللہ تعالیٰ کی

طرف سے۔ ﷺ پڑھو۔

۱۴۔ کسی گناہ کو بار بار نہ کرو اس لئے کہ گناہ کرنے والا ظالم ہوتا ہے اور ظالم کو امامت کا رتبہ نہیں ملتا ہے، جس نے گناہ سے اپنے آپ کو روکا اور مصیبتوں پر صبر کیا اور رب تعالیٰ کے وعدہ اور وعید کا یقین کیا وہ امام بنا اگرچہ اُس کی پیروی کرنے والوں کی تعداد کم ہو۔

۱۵۔ جس کرامت کے ظاہر کرنے میں اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی مقصود نہ ہو وہ کرامت کرامت کہلانے کے لائق نہیں ہے ایسی کرامت کا ظاہر کرنے والا ناقص اور ہلاک ہونے والا ہوگا، مجھ سے ہاتفِ غیبی نے کہا کہ کرامت کا تو طالب ہے تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر اور گناہ سے تو دور رہ۔

۱۶۔ اولیاء اللہ دو طرح کے ہوتے ہیں ایک صالحین، دوسرے صدیقین۔ صالحین انبیاء علیہم السلام کے نائب ہیں اور صدیقین رسولوں کے، ان دونوں حضرات کے درمیان اتنا فرق ہے جتنا انبیاء اور رسل کے درمیان (علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات)

۱۷۔ میں شیخ حضرت عبد السلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ سے فیض حاصل کرتا رہا۔ اب دس سمندروں سے فیضیاب ہو رہا ہوں یعنی سید عالم ﷺ، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی المرتضیٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) اور حضرت جبرئیل، حضرت میکائیل، حضرت عزرائیل، حضرت اسرافیل، اور حضرت روحِ اکبر سے۔ (علیہم السلام)

(الطبقات الکبریٰ امام شعرانی، عربی، جلد دوم، مطبوعہ مصر)

نفحات الانس (فارسی مطبوعہ لکھنؤ مؤلفہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ) میں ہے کہ حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں ایک غار کے اندر عبادت گزار تھا کہ دل میں کیف پیدا ہوا تو بارگاہِ خداوندی میں عرض کی کہ خداوند! میں تیرا شکرگزار بندہ کب بنوں گا؟ فرمایا جب تو اپنے کو یہ سمجھے کہ مجھ پر اتنا بڑا کرم اللہ تعالیٰ کا ہے اور یہ کرم کسی اور پر نہیں ہوا۔ اس پر یہ عرض کی کہ خداوند! سب سے زیادہ تیرا انعام انبیاء، علماء، سلاطین پر ہوا تو میں کیسے اس کا تصور کروں، آواز آئی کہ نبیوں کے انعام سے تجھے ہدایت نصیب ہوئی، علماء سے اتباعِ حق کی دولت ملی، بادشاہوں کے اعزاز سے امن وچین کی زندگی ملی، یہ تمام انعامات تجھے حاصل ہوئے لہٰذا تصور کر

کہ سب سے زیادہ نعمتوں سے مجھے رب تعالیٰ نے نوازا جن کا شکر ادا کرنا ہم پر واجب ہے۔

حضرت شیخ نے فرمایا: مجھے سیدِ عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

یَا عَلِیُّ طَهِّرْ ثِیَابَکَ مِنَ الْاَدْنَسِ لِتَحظَ بِمَدَدِ اللّٰهِ تَعَالیٰ فِیْ کُلِّ نَفَسٍ

ترجمہ: اے علی (ابوالحسن شاذلی) اپنے جامہ (لباس) کو ہمہ دم گندگی سے پاک وصاف رکھو تاکہ اللہ تعالیٰ کی مدد تیری ہر سانس میں رہے۔

اس پر عرض کیا یارسول اللہ! میرے پاس جامہ کہاں کہ میں اس کو پاک رکھوں، ارشاد فرمایا: اے علی (ابوالحسن شاذلی) تجھے پانچ خلعتیں (لباس) عطا ہوئیں: (۱) خلعتِ محبت، (۲) خلعتِ معرفت، (۳) خلعتِ توحید، (۴) خلعتِ ایمان، (۵) خلعتِ اسلام

پھر ارشاد فرمایا کہ جس کو خدا محبوب رکھتا ہے تمام کائنات اس کی ہو جاتی ہے، جو خدا کو پہچانتا ہے اُس کی نظر میں ماسوا اللہ ہر شے کی عظمت کم ہو جاتی ہے جس کو خدا کا علم ہوتا ہے وہ خدا کا شریک کسی کو نہیں بناتا ہے، جو خدا پر ایمان رکھتا ہے وہ ہر شر سے امن وامان میں رہتا ہے جس میں اسلام کے اوصاف پائے جاتے ہیں وہ گناہ سے دور رہتا ہے اگر بتقاضائے بشریت کوئی گناہ ہو جاتا ہے تو اُس پر نادم ہوتا ہے اور توبہ کرتا ہے تو رب تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرما کر اُس کو نوازتا ہے، وضاحت پر حضرت شیخ نے فرمایا کہ اب وَثِیَابَکَ فَطَهِّرْ (سورۃ المدثر، آیت ۴)

﴿**ترجمہ**: اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔﴾ کی تفسیر میری سمجھ میں آئی ہے، شیخ طریقت حضرت مولانا حاجی شاہ محمد مبارک حسین قادری دربھنگوی (وصال ۱۳۴۲ھ، ۱۰ ذیقعدہ) نے بحوالہ لطائف المنن بیان فرمایا ہے کہ حضرت شیخ شاذلی قدس سرہٗ کے ارشادات یہ بھی ہیں۔

فرمایا کہ ابتداءً سلوک کے راستے میں چلنے والوں کو بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ اُن پر طرح طرح کے ظلم وستم کیے جاتے ہیں اُن کو وطن سے نکالا جاتا ہے اُن پر تہمتیں رکھی جاتی ہیں، دین ومذہب کے نام سے اُن کو بدنام کیا جاتا ہے، تعلقات اُن سے رکھنا عار سمجھا جاتا ہے لیکن وہ روندۂ سلوک اُن تمام آلام ومصائب سے گزر جاتا ہے تو حسن انجام کا حسین سہرا اُسی سالک کے سر پر ہوتا ہے۔

باطنی مقام اور عالم کے کمالِ علمی کی تکمیل اُس وقت ہوتی ہے جب کہ حسبِ ذیل اُمور سے اُن کو سابقہ (واسطہ) پڑتا ہے۔

۱۔ لوگوں کا اُس پر ہنسنا اور اُس کے شکستہ حال پر خوش ہونا۔

۲۔ احباب کی زبان ملامت کرنے پر کھلنا۔

۳۔ علماء کا حسد کرنا۔

۴۔ جاہلوں کا بُرا کہنا۔

عارف باللہ حضرت جعفر علی صاحب قبلہ فریدی سمتی پوری قطب سہرسا (مدفون خانقاہ سریلہ ضلع سہرسا صوبہ بہار، بھارت۔ وصال ۱۴ جمادی الاخری ۱۳۷۸ھ/۱۹۵۸ء، قادری بزرگ نے فرمایا کہ مندرجہ بالا اُمور اربعہ حضرت شاذلی قدس سرہٗ) کی آپ بیتی میں گنہگار نے کئی بزرگوں کو دیکھا کہ وہ اپنی حیاتِ ظاہری میں حضرت شیخ کے اقوالِ اربعہ مذکورہ کی تصویر بنے رہے۔

کرامت: مشہور سیاح ابنِ بطوطہ نے لکھا ہے کہ سلطان محمد بن قلادوں کا خزانچی خیانت کے جرم میں مبتلا ہوا، سلطان نے حکم دیا کہ اُسے گرفتار کر کے قتل کر دیا جائے، مگر وہ خزانچی کسی تدبیر سے حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کی پناہ میں آگیا، اس کی خبر جب سلطان کو ہوئی تو سلطان نے اُسے گرفتار کرنے کے لئے اپنا سپاہی حضرت شیخ کے پاس روانہ کیا، سپاہی حضرت شیخ کے پاس آیا اور خزانچی کی گرفتاری کے لئے سلطان کا حکم نامہ دکھایا تو حضرت نے فرمایا کہ ابھی اس کو چند روز میرے پاس رہنے دو اور تم بھی اس کی نگرانی کے لئے میرے پاس مہمان رہو، سپاہی نے سلطان کی منظوری کے بعد آپ کے پاس رہنا منظور کرلیا۔ اسی اثناء میں حضرت شیخ نے تانبا جمع کرنے کا حکم دیا، چنانچہ سب لوگ تانبا لے کر آئے اور آپ کے پاس جمع کرتے رہے جب کئی من تانبا اکھٹا ہوگیا تو حضرت نے اُسی خزانچی کو حکم دیا کہ وہ اس تانبے کے ڈھیر پر پیشاب کردے، اُس نے تعمیلِ حکم میں پیشاب کیا، جس سے وہ تمام تانبا سونا بن گیا، حضرت نے وہ تمام سونا اُس سپاہی کے ذریعہ سے سلطان کے پاس روانہ کردیا، جس سے سلطان کا خزانہ بھر گیا اور خزانچی گرفتاری اور قتل سے محفوظ رہا۔

وفات: حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے دل میں حج و زیارت کا ولولہ موجیں لیتا تھا جس سے آپ

بیتاب ہوجایا کرتے تھے نہ معلوم اس جذبہ کے زیر اثر آپ نے کتنے حج کیے اور کتنی مرتبہ مدینہ طیبہ حاضر ہوکر شرفِ زیارتِ روضۂ پاک و مسجدِ نبوی حاصل کیا، سالِ وفات میں کعبہ معظمہ کی زیارت کا شوق پھر اُبھرا چنانچہ ولولۂ اشتیاق میں آپ نے رختِ سفر باندھا اور اسکندریہ سے روانہ ہوگئے ابھی راستہ ہی میں تھے کہ بیمار ہوگئے، جب صحرائے عیذاب میں پہنچے تو شوق نے وصل کا پیام سنایا چنانچہ آپ نے اپنی جان نذر کی، جانِ آفرین نے اس کو قبولیت بخشی، وصل ووصال نے لطف اندوزی کی نعمت عطا کی اور حیاتِ جاوید انعام میں ملی۔

منقول ہے کہ صحرائے عیذاب میں وصال سے پہلے عشاء کی نماز کے بعد جملہ رفقائے سفر کو وصیت کی اور اپنے سفرِ آخرت کا ذکر کیا، اسی رات کا جب آخری حصہ آیا تو وصال باللہ کا شرف حاصل ہوا، وصال کے وقت حضرت شیخ کی عمر کی منزل ایک سو پانچ تھی، ذوالقعدہ کا مہینہ چھ سو چھپن ہجری کا سن تھا۔ (الطبقات الکبریٰ للشعرانی)

والی دین مہر منیر (۶۵۶ھ) ماہ وسالِ وصال ہے، جسمِ پاک صحرائے عیذاب میں دفن ہوا، ان کی تدفین کے بعد عیذاب کا مشہور کھاری چشمہ آبِ شیریں کا چشمہ بن گیا۔

شیخ کی الهامی دعائیں: حضرت شاذلی قدس سرہٗ کی الہامی دعائیں چند ہیں:
(۱) دعائے حزب البحر، (۲) دعائے حزب النصر، (۳) دعائے حزب البر، (۴) دعائے حزب الوسیلہ۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور، مؤثر، مقبول دعا دعائے حزب البحر ہے جو اپنے فوائد و اثرات کے سبب سے طریقت کے مشائخ کے اوراد میں داخل ہے، یہ دعا حضرت شیخ کو سفرِ حج کرتے ہوئے بحری جہاز میں حضور سیدِ دوعالم ﷺ نے تلقین فرمائی تھی، شیخ کا ایک رسالہ ''جواهر المصونه لآلی المکنونه'' دعا ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل'' کے خواص میں ہے، جو مصر میں چھپا ہے۔ مزید حالات کے لئے ملاحظہ ہو ''الطبقات الکبری للشعرانی'' ''الانتصاح فی ذکر اهل الاصلاح'' از حافظ انور علی انور قلندر کاکوروی، ''لطائف المنن'' از حضرت علامہ عبدالوہاب شعرانی (متوفی ۹۷۳ھ)، ''نفحات الانس'' از حضرت شیخ عارف باللہ عبدالرحمٰن جامی (متوفی ۸۹۸ھ) رحمہم اللہ۔

﴿حزب النصر﴾

حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

اَللّٰھُمَّ بِسَطْوَۃِ جَبَرُوْتِ قَھْرِکَ وَبِسُرْعَۃِ اِغَاثَۃِ نَصْرِکَ

ترجمہ: اے اللہ! تجھے قسم ہے اپنے قاہرانہ غلبہ کے شان کی اور تجھے قسم ہے فریادیوں کی فی الفور نصرت واعانت کرنے کی۔

وَبِغَیْرَتِکَ لِانْتِھَاکِ حُرُمَاتِکَ وَبِحِمَایَتِکَ لِمَنِ احْتَمٰی بِآیٰتِکَ

ترجمہ: تجھے تیری اُس غیرت کی قسم جو تیری حدود کی پامالی کے وقت ہوتی ہے اور تجھے تیری اُس حمایت کی قسم جو اس کے لئے ہوتی ہے جو تیری آیات کی حفاظت کرے۔

نَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا سَمِیْعُ یَا قَرِیْبُ یَا سَرِیْعُ یَا مُنْتَقِمُ

ترجمہ: ہم تجھ سے گزارش کرتے ہیں اے اللہ! اے سُننے والے، اے سب سے قریب، اے فوری پہنچنے والے، اے بدلہ لینے والے۔

یَا شَدِیْدَ الْبَطْشِ یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ یَا مَنْ لَّا یُعْجِزُہٗ قَھْرُ الْجَبَابِرَۃِ

ترجمہ: اے جبار! اے زبردست! اے جس کو عاجز نہیں کرتی بادشاہوں کی تونگری۔

وَلَا یُعْظِمُ عَلَیْہِ ھَلَاکُ الْمُتَمَرِّدَۃِ مِنَ الْمُلُوْکِ وَلَا کَاسِرَۃِ

ترجمہ: اور نہ ہی تیرے ہاں بڑے بڑے سلاطین کو تباہ وبرباد کرنا کوئی بڑی بات ہے۔

اَنْ تَجْعَلَ کَیْدَ مَنْ کَادَنِیْ فِیْ نَحْرِہٖ وَمَکْرَ مَنْ مَکَرَ بِیْ

ترجمہ: یہ کہ مجھ سے فریب کرنے والے کے فریب کو اُس کی گردن میں لٹکادے اور مجھے دھوکہ

دینے والے کو اُس کے دھوکہ میں گرفتار کر دے۔

وَحُفْرَةَ مَنْ حَفَرَلِیْ وَاقِعاً فِیْهَا وَمَنْ نَصَبَ لِیْ شَبَکَةَ الْخِدَاعِ اِجْعَلْهُ یَا سَیِّدِیْ مُسَاقاً اِلَیْهَا وَمُصَاداً فِیْهَا وَاَسِیْراً لَدَیْهَا

ترجمہ: اور جو میرے لئے گڑھا کھودے اُس کو اُس میں گرا دے اور گرفتار کر دے اور جو میرے لئے دھوکے کا جال بچھائے اے میرے سردار! اُس کو اُسی حال کی طرف لے جا اور اُسی میں پھنسا دے اور اُسی میں گرفتار کر دے۔

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ اکْفِنَاھُمُ الْعِدَا وَلَقِّهِمُ الرَّدَا

ترجمہ: اے اللہ! مجھے حروف مقطعات کٓھٰیٰعٓصٓ کی قسم ہے دشمن کے بُرے ارادوں کے مقابلہ میں تو ہی ہمیں کافی ہے اُنہیں ہلاکت سے دوچار کر۔

وَاجْعَلْهُمْ لِکُلِّ حَبِیْبٍ فِدَا وَسَلِّطْ عَلَیْهِمْ اجَلَ النِّقْمَةِ فِی الْیَوْمِ وَالْغَدَا

ترجمہ: اور انہیں اپنے ہر دوست پر قربان کر اور اُن پر فوری انتقامی سزا آج کل ہی نافذ کر دے۔

اَللّٰھُمَّ بَدِّدْ شَمْلَهُمْ . اَللّٰھُمَّ فَرِّقْ جَمْعَهُمْ . اَللّٰھُمَّ اَقْلِلْ عَدَدَهُمْ

ترجمہ: اے اللہ! اُن کا شیرازہ بکھیر دے اُن کی جماعت میں تفرقہ ڈال دے اور اُن کی تعداد کم کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الدَّائِرَةِ عَلَیْهِمْ اَللّٰھُمَّ اَوْصِلِ الْعَذَابَ اِلَیْهِمْ

ترجمہ: اے اللہ! ان کو مصائب میں گھیر لے اور ان پر عذاب پہنچا دے۔

اَللّٰھُمَّ اَخْرِجْهُمْ عَنْ دَائِرَةِ الْحِلْمِ وَاسْلُبْهُمْ مَدَدَ الْاِمْهَالِ

ترجمہ: اے اللہ! اُن کو اپنے حلم کے دائرہ سے نکال باہر کر اور اُن سے اپنی مہلت کی امداد سلب کر۔

وَغُلَّ اَیْدِیْهِمْ وَارْبِطْ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَلَا تُبَلِّغْهُمُ الْاٰمَالَ

ترجمہ: اور اُن کے ہاتھ جکڑ دے اُن کے دلوں کو باندھ دے اور اُنہیں اُن کی اُمیدوں تک نہ

پہنچا۔

اَللّٰهُمَّ مَزِّقْهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ مَزَّقْتَ لِاَعْدَائِکَ

ترجمہ: اے اللہ! تو ہمارے دشمنوں کو اسی طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔

اِنْتِصَارًا لِاَنْبِيَائِکَ وَرُسُلِکَ وَاَوْلِيَائِکَ (تین بار)

ترجمہ: جیسے تو اپنے پیغمبروں، رسولوں اور اولیاء کی مدد کرتے ہوئے اُن کے دشمنوں کے ٹکڑے ٹکڑے کرتا رہا۔

اَللّٰهُمَّ انْتَصِرْ لَنَا انْتِصَارَکَ لِاَحْبَابِکَ عَلٰى اَعْدَائِکَ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارا انتقام لے جیسے تو اپنے محبوب بندوں کا انتقام اپنے دشمنوں سے لیتا رہا۔

اَللّٰهُمَّ لَا تُمَكِّنِ الْاَعْدَاءَ فِيْنَا وَلَا تُسَلِّطْهُمْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا (تین بار)

ترجمہ: اے اللہ! تو ہم پر ہمارے دشمنوں کو مسلط نہ فرما اور نہ ہمیں ہمارے گناہوں کے بدلے میں اُن کے حوالے فرما۔

حٰمٓ. حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ اَلْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ

ترجمہ: معاملہ شدت اختیار کر چکا ہے اور مدد آ پہنچی ہے اب ہمارے خلاف دشمنوں کی امداد نہ ہوگی۔

حٰمٓ. عٓسٓقٓ. حِمَايَتُنَا مِمَّا نَخَافُ

ترجمہ: حم۔ عسق ہماری حمایت کریگی اُس چیز سے جس سے ہم خوفزدہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ قِنَا شَرَّ الْاَسْوَاءِ وَلَا تَجْعَلْنَا مَحَلًّا لِلْبَلْوٰى

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں بدیوں کی شرارت سے بچا اور ہمیں آزمائش کا مورد نہ بنا۔

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا اَمَلَ الرَّجَاءِ وَفَوْقَ الْاَمَلِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں ہماری توقعات عطا فرما بلکہ ہماری توقعات سے بالاتر نعمت عطا فرما۔

يَاهُوَ يَاهُوَ يَا مَنْ بِفَضْلِهٖ نَسْئَلُکَ الْعَجَلَ الْعَجَلَ اِلٰهِیْ الْاِجَابَةَ الْاِجَابَةَ

ترجمہ: اے خدا۔ اے خدا۔ اے وہ کہ تیرے فضل وکرم سے تیری فوری امداد۔

فوری قبولیت کی التجا کرتے ہیں۔

یَامَنْ اَجَابَ نُوحاً فِیْ قَوْمِهٖ وَیَا مَنْ نَصَرَ اِبْرَاهِیْمَ عَلٰی اَعْدَائِهٖ

ترجمہ: اے وہ کہ تُو نے حضرت نوح (علیہ السلام) کی دُعا اُن کی قوم کے متعلق قبول فرمائی۔ اے وہ کہ حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی اُن کے دشمنوں کے مقابلہ میں مدد فرمائی۔

وَیَا مَنْ رَدَّ یُوْسُفَ عَلٰی یَعْقُوْبَ یَا مَنْ کَشَفَ ضُرَّ اَیُّوْبَ

ترجمہ: اے وہ کہ تو نے حضرت یوسف (علیہ السلام) کو حضرت یعقوب (علیہ السلام) سے ملادیا۔ اے وہ کہ تو نے حضرت ایوب (علیہ السلام) کی مصیبت دور فرمائی۔

یَا مَنْ اَجَابَ دَعْوَةَ زَکَرِیَّا یَا مَنْ قَبِلَ تَسْبِیْحَ یُوْنُسَ بِنْ مَتّٰی

ترجمہ: اے وہ کہ تو نے حضرت زکریا (علیہ السلام) کی دعا قبول کی۔ اے وہ کہ تو نے حضرت یونس بن متّی کی تسبیح قبول فرمائی۔

نَسْئَلُکَ بِاَسْرَارِ هٰذِهِ الدَّعْوَاتِ اَنْ تَتَقَبَّلَ مَابِهٖ دَعَوْنَاکَ

ترجمہ: اور ہم ان دعاؤں کے اسرار کے طفیل تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ ہماری دعائیں قبول فرما۔

وَاَنْ تُعْطِیَنَا مَا سَئَلْنَاکَ اَنْجِزْلَنَا وَعْدَکَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ لِعِبَادِکَ الْمُؤْمِنِیْنَ

ترجمہ: اور یہ کہ جو ہم مانگتے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اپنا وعدہ جو تو نے مومن بندوں سے کر رکھا ہے اُسے پورا فرما۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوا تیرے، پاکی ہے تجھ کو بے شک مجھ سے بے جا ہوا۔

اِنْقَطَعَتْ اٰمَالُنَا وَعِزَّتِکَ اِلَّا مِنْکَ

ترجمہ: ہماری تمام اُمیدیں ختم ہوگئی ہیں۔ مجھے تیری عزت کی قسم ہے صرف مجھے تجھ سے اُمید ہے۔

وَخَابَ رَجَاؤُنَا وَحَقِّکَ اِلَّا فِیْکَ اِنْ اَبْطَأَتْ غَارَةُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ

فَاَقْرَبُ الشَّیْءِ مِنَّا غَارَۃُ اللّٰہِ

ترجمہ: اور ہماری توجہات سب سے ناکام ہوگئیں۔صرف تجھ سے توقع باقی ہے اگر ہمارے متعلقین کی غیرت سرد پڑگئی ہے اور دُور ہوگئی ہے تو کوئی بات نہیں۔سب سے قریب شے ہمارے لئے تیری غیرت ہے۔

یَاغَارَۃَ اللّٰہِ جِدِّی السَّیْرَ مُسْرِعَۃً فِیْ حَلِّ عُقْدَتِنَا

ترجمہ: اے اللہ کی غیرت! فوری پہنچ اور ہماری مُشکل حل کر۔

یَا غَارَۃَ اللّٰہِ عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَارُوْا وَرَجَوْنَا اللّٰہَ مُجِیْراً وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیّاً وَکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْراً

ترجمہ: اے اللہ کی غیرت! ظالموں نے ہم پر زیادتی کی اور ظلم کیا اور ہم نے اللہ سے مدد مانگی جو مدد کرنے والا ہے اور پناہ دینے والا ہے۔اللہ ہی کافی ہے کارساز و مددگار۔

وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

ترجمہ: اور ہمیں اللہ ہی کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: اور کوئی قوت وطاقت نہیں مگر اللہ کی جو سب سے بڑا ہے۔

اِسْتَجِبْ لَنَا اٰمِیْنَ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

ترجمہ: ہماری دعا قبول فرما (آمین) پس ظالموں کی جڑ کٹ جائے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ

ترجمہ: اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لائق ہیں جو پروردگارِ عالم ہے، اور ہمارے سردار محمد ﷺ اور اُن کی آل اور اُن کے اصحاب پر صلوٰۃ وسلام ہو۔

☆......☆......☆

پیغامِ ناشر

ہر دور میں علمائے اہلسنت نے اپنی تحاریر و تقاریر کے ذریعے جہالت کے ریگستان میں اپنے بحرِ علمی سے تشنۂ عوام کو سیراب تو فرمایا اور اس حوالے سے سینکڑوں نہیں ہزاروں تصانیف لکھیں کہ شاید کوئی ان علم کے موتیوں کو سمیٹ لے جیسا کہ زمانہ سابق میں امام اہلسنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی کی بے شمار کتابیں ایسی ہیں جنکا ہونا تو کُجا اُنکے مخطوطہ مسودے بھی اب موجود نہیں رہے کیونکہ وہ ہماری لاپرواہی اور بے حسی کے باعث دیمک کی خوراک بن گئے۔ کچھ یہی حال "مظلوم مُصنف" جیسے القابات رکھنے والے میرے مُرشد کریم علامہ اُویسی صاحب کا بھی ہے۔ جن کے سامنے کوئی بھی موضوع آتا تو ایک سوال کی حیثیت سے تھا مگر آپ اپنے برق رفتار قلم سے اُس پر سینکڑوں اور کہیں ہزاروں صفحات تحریر فرما دیتے مگر افسوس کہ ہمیشہ کی طرح ہم نے بے حسی کا مظاہرہ کیا کیونکہ اسلاف کی قدر و منزلت ہم کھو چکے ہیں۔ نہ تو اس علمی اثاثہ کی قدر کی نہ ہی اس کو محفوظ کر کے مُصنف کی محنت کو علم کے پیاسوں تک پہنچایا۔ ہماری اس روش کے باعث ہر زمانہ میں کئی علمائے کرام کی کُتب شائع ہوئے بغیر ہی ناپید ہو جاتی ہیں اور اگر خوش قسمتی سے چھپ بھی جائیں تو لوگوں تک اُن کی رسائی نہیں ہو پاتی۔

الحمد لله علیٰ فضلهٖ و احسانهٖ

"بزمِ فیضانِ اُویسیہ پاکستان" کا اشاعتی پروگرام گزشتہ کئی سالوں سے جاری و ساری ہے۔ اور یہی آرزو حضور مُفسرِ اعظم پاکستان، شیخ القرآن والحدیث، اُستاذ العرب والعجم، صاحب تصانیفِ کثیرہ حضرت علامہ مفتی ابو الصالح محمد فیض احمد اُویسی رضوی علیہ الرحمۃ القوی کی بھی تھی کہ اُنکی زیادہ سے زیادہ کتب و رسائل زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر عوام الناس تک پہنچ جائیں۔

admin@faizahmedowaisi.com
0323-3306748, 0334-3184596, 0300-2927901